36730-کوا، لومڑی اور شکرہ کھانے کا حکم

سوال

کیا درج ذیل حیوانات کھانے جائز ہیں :
کوا، ہرن، لومڑی اور شکرہ ؟

پسندیدہ جواب

کوا کھانا جائز نہیں، کیونکہ یہ ان فواسق میں شامل ہوتا ہے جنہیں حل اور حرم دونوں جگہ قتل کرنا جائز ہے، اور پھر یہ کوا تو نجاست اور مردار کھاتا ہے، لیکن ایک کوا ایسا بھی ہے جو کھیتی کوا کہلاتا ہے اور صرف پاکیزہ اشیاء اور دانے ہی کھاتا ہے تو وہ حلال ہے، اور یہ مشہور سیاہ کوے سے چھوٹا ہوتا ہے.

رہی لومڑی تو یہ کچلی والی اور چیڑ پھاڑ کرتی اور نجاست کھاتی ہے، تو یہ حرام ہے، اور جو اسے مکروہ قرار دیتا ہے میری رائے کے مطابق وہ اسے مکروہ تحریمی قرار دیتا ہے.

اور رہا مسئلہ شکرہ کا تو یہ پنجے والا پرندہ ہے یعنی ذو مخلب میں شامل ہوتا ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ذو مخلب پرندے سے منع فرمایا ہے، اور ذو مخلب ہر وہ پرندہ ہے جو اپنے پنجے سے اٹھا کر کھائے، یا پھر پنجے سے شکار کرے جس طرح کہ شاہین، اور چیل گد اور عقاب وغیرہ، اور اس لیے بھی کہ یہ مردار کھاتا ہے اور نجاسات سے غذا حاصل کرتا ہے اس لیے اس کا کھانا حرام ہے.

لیکن ہرنی بالاجماع حلال ہے، جسے عربی ظبی بھی کہتے ہیں، کیونکہ یہ جنگل کے شکار میں شامل ہوتا ہے اور حرم یا احرام کی حالت میں اسے قتل کرنے والے پر صحابہ کرام نے فدیہ مقرر کیا ہے، تو یہ اس کی اباحت کی دلیل ہے.

واللہ تعالی اعلم.

فتوی شیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ.